جلد ۴۰ نمبر ۳۹

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	معافی قصور فاروق بیگ ہیڈ کانسٹیبل سابق۔	۱
۲	تقرر صابر رضا خاں [illegible] سکنڈ نفری۔	۲-۱
۳	[illegible]	۲
۴	[illegible] فہرست [illegible] خفیہ فروشان۔	۲
۵	[illegible] سید [illegible]۔	۲
۶	[illegible]	۳
۷	[illegible] الدین [illegible]۔	۳
۸	تقرر سید محمد [illegible] عبد السعید [illegible]۔	۳
۹	[illegible] عبد اللطیف [illegible]۔	۳
۱۰	[illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۸ء

فاروق بیگ مفروری گزار سابق ہیڈ کانسٹیبل کا قصور معاف کیا جاتا ہے لیکن ملازمت پر بحالی نہیں کیا جا سکتا۔ نامبردہ کو قیام رامپور کی اجازت ہے۔ اوس سے کوئی باز پرس اور تعرض نہ کیا جائے۔ نواب المعید بہادر کے اجلاس میں مرسل ہو۔ پولیس کو اطلاع دیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب المعید بہادر دام اقبالہم

فاروق بیگ ہیڈ کانسٹیبل سابق کے ذمہ مقدمہ (۱۹۱) قائم ہے۔ اور وارنٹ گرفتاری عدالت سے جاری ہو چکا تھا۔ چونکہ اعلیحضرت دام اقبالہم و ملکہم نے نامبردہ کا قصور معاف فرما دیا گیا ہے۔ لہذا حسب منشا حکم اجلاس ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ مقدمہ خارج ہو کر وارنٹ کینسل کیا جائے۔ ریاست میں ملازمت نہ دیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہوے روبکار اجلاس ہمایون کی۔ ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط عالیجناب نواب المعید بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۸ء

صابر رضا خاں ولد جشان خاں (نائب مہتمم باغات) جو محکمہ پولیس میں بغرض کار آموزی متعین ہوا ہے۔ اوسکو سکنڈ نفری میں بعہدہ جمعدار مقرر کیا جاتا ہے۔ علاوہ قواعد سیکھنے کے

اسکو زبان انگریزی کی تعلیم بھی فوج کے سسٹم سے حاصل کرنا چاہیے۔ اگر انگریزی میں اُسنے ابھی مہارت حاصل کرلی تو آیندہ اسکے کیڈیٹ مقرر ہونے کا اچھا موقع ہے

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس میں بھیجی جائے۔ اور ایک نقل بغرض تعمیل صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حسب منشاء حکم پیشگاہ عالی دام اقبالہم وحکم صدر سے احکام جاری ہوں۔ صابر رضا کا نام ملازمت پولیس سے خارج کیا جائے۔ اور اسامی اُنکی پولیس میں بدستور رہے بجٹ میں بھی رکھی جائے آیندہ تجویز ہوگی۔ ایک ایک نقل اسکی مع نقل روبکار والا شان صاحب بریگیڈ کمانڈر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو ایک نقل بخشی گری کو بھی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۵ ستمبر ۱۹۲۸ء

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۲۸ء

نواب ولیعہد بہادر کی یہ سند عارض کہ چونکہ اُنکی صحت خراب رہتی ہے۔ اور اسوجہ سے وہ اپنا کار مفوضہ انجام نہیں دیسکتے ہیں اُنسے کام علیحدہ کرلیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

۱- جن سکریٹریز کا تعلق اجلاس نواب ولیعہد بہادر سے تھا اب وہ براہ راست اجلاس عالی کے ماتحت رہیں گے اور نواب ولیعہد بہادر سے اُنکے کام کا کچھ تعلق نہ ہوگا۔

۲- انتظام ثانی صیغہ پولیس بھی صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کے سپرد کیا جاتا ہے۔

۳- احکام مندرجہ کے لحاظ سے جس اہل علم کی تخفیف ضروری ہو اُنکی تخفیف کے لئے صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت انتظام کریں۔

۴- مضمون بالا سے صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کو بذریعہ تار اطلاع دیکر علاوہ آمد کا حکم دیدیا گیا ہے۔

حسب صراحت بالا سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اسکی جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۵ ستمبر ۱۹۲۸ء

فہرست مے خفیہ فروشان افیون وکوکین مرتبہ صیغہ پولیس وصیغہ آبکاری ملاحظہ ہوئیں جس سے صورت یہ ہے کہ دونوں صیغوں کو خفیہ فروشان کا علم ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ وہ خفیہ فروشی کررہے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ ضابطہ کی کارروائی نہیں کیجاتی۔

پولیس وآبکاری کو اس جانب خاص توجہ چاہیے۔ ہر پندرھویں روز پولیس وآبکاری سے رپورٹ بھیجی جائے جس سے واضح ہو کہ ان خفیہ فروشان کے متعلق کیا کارروائی ہوئی۔ ہر رپورٹ میں جس خفیہ فروش کے متعلق جو کارروائی کی گئی ہو اُسکا نام لکھا جایا کرے۔ اصل فہرستیں اجلاس میں رہینگی۔ رپورٹ آنے پر اُسپر نوٹ ہوا کریگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کرادیجائے۔ ایک نقل دفتر اجلاس سے اول فائل شمول کے لیے بھیجیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۸ ستمبر ۱۹۲۸ء

بلاخطہ کاغذات بجٹ صیغہ میونسپلٹی واضح ہوا کہ سال حال میں تعمیرات صیغہ میونسپلٹی کے متعلق مبلغ دو ہزار روپیہ کے کام نامنظور بجٹ بلا منظوری کرائے گئے۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر سے دریافت کرنے پر عرضداشت موصول ہوئی کہ بلحاظ قومی ضرورت بامید منظوری کام کرالئے گئے۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی اس کارروائی پر سخت تعجب ہے۔ وہ ایک منسٹر ہیں اُنکو اپنے پوزیشن کا لحاظ رکھتے ہوئے ایسی سخت بیقاعدگی اور بے عنوانی سے قطعاً احتراز لازم تھا۔ اگر سکریٹری صاحبان بہادر خود ایسی بیقاعدگیوں کو روا رکھیں گے تو اُنکے ماتحت صیغہ جات کے عمل کی نوبت کہانتک پہنچیگی۔ اس قسم کا عمل شیرازہ نظام کو منتشر کردینے والا ہے۔ کیونکہ ایسی حالتیں بجٹ کوئی چیز رہ سکتا ہے۔ نہ اختیارات منظوری کا وقار برقرار باقی رہتا ہے۔ ہمیں صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے اس عمل درآمد پر نہایت افسوس ہے۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر آیندہ ایسے معاملات میں کامل احتیاط رکھیں ورنہ ایسی صورتیں پیش آنے پر مناسب تدارک کے لئے احکام صادر کئے جائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل اسکی صاحب چیف سکریٹری بہادر۔ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل شامل کاغذات بجٹ ہو۔ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

مر آڈٹ اور خزانہ کو اطلاع دیدیں کہ ایسے محاسبات جو بیرون بجٹ یا بلا منظوری ہوں وہ پاس و مجرا نہ کئے جائیں - ایک نقل درج گزٹ ہو - ایک نقل دفتر اجلاس سے شامل شدگی کے لئے یہاں بھیجدیجائے -

نوٹ مٹری سکریٹری بہادر کے پاس ایک نقل اور شمول کاغذات بجٹ کے لئے ایک نقل اجلاس سے جاری کردی گئیں - بقیہ نقلیں صدر سے جاری کیجائیں -

دستخط جناب چیف منسٹر صاحب بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۸ ستمبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت تین ماہ صاحبزادہ سید رحمی علیخاں بہادر نائب محافظ دفتر صدر بوجہ علالت من ابتداء ۱۴ اگست ۱۹۲۸ء بدین طور کہ مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ تنخواہ رخصتی سے صاحبزادہ سید منظور حسین خان بہادر پائیں اور نائب محافظ دفتری خدمات انجام دیں - اور مبلغ عہ سید مشتاق حسین کو تنخواہ رخصتی سے ملیں - اور بجائے صاحبزادہ سید منظور حسین کے کام انجام دیں - بقیہ علیحدہ نائب محافظ دفتر رخصتی کو ملیں -

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے - درخواست حسب رپورٹ محافظ دفتر صدر و رائے حاکم صاحب صدر رخصت مطلوبہ تین ماہ ۱۴ اگست ۱۹۲۸ء سے منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۹ ستمبر ۱۹۲۸ء

ہائی اسکول میں چونکہ تین استاد سال گذشتہ علیحدہ ہو چکے ہیں اور انکی جگہ سی - ٹی - ابھی دستیاب نہیں ہوئے ہیں - لہذا ریاض الدین اور راد ھے شیام دو عارضی استاد سال گذشتہ بمنظوری اجلاس ہذا یوں مقرر کئے گئے تھے - اور ایام تعطیل کلاں میں ریاض الدین کو مدرسہ مڈل میں بیس روپیہ تنخواہ پر تبدیل کردیا گیا تھا - اب ہائی اسکول میں ایک انٹرینس پاس ٹیچر کی ضرورت ہے - اور ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ریاض الدین کو واپس مانگتے ہیں - لہذا ریاض الدین کا تبادلہ موجودہ تنخواہ پر مدرسہ مڈل سے ہائی اسکول کو کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۹ ستمبر ۱۹۲۸ء

عبدالسعید مدرس پنپیا تحصیل ملک چونکہ ایک عرصہ سے غیر حاضر ہے - لہذا برخاست کیا جائے - اور بجائے انکے سید محمد حسنین ششم پاس کا تقرر للعہ تنخواہ پر استحقاقا برشش ماہ کیا جائے - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ دہنو پور تحصیل ملک میں سے عبداللطیف پنجم پاس کا تقرر بشاہرہ للعہ ماہوار امتحانا برائے چند ماہ منظور کیا گیا

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دویم ماہ ستمبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰/۵، ۱۰/۶ پیسہ			۱۰/۶		۱۰/۶	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۷/۱۰			۷/۱۰		۷/۱۰	
نخود کستہ آمیز	/۷۷			۷/۱۰		۷/۱۰	
کستہ	/۸			۸/۱۰		/۹	
ماش	/۱۰۵			۰		/۱۵	
مونگ	/۱۰۳	۰		۰		/۱۵	
مکا	نرخ بازار			/۱۰		/۱۰	
جئی	۱۱/۱۰			۱۱/۱۰		/۱۱	
گوجئی	۱۱/۱۰			۰	۰	/۱۹	
مسور	/۱۷۷			۰		۸/۱۰	
ارہر	/۱۰۷			۰		۸/۱۰	
برنج	/۱۲			۶/۱۰		۵/۱۰	
روغن زرد	۵ چھٹانک			/۱۰		/۹۰	
روغن سیاہ	۱/۱۰			[illegible]		/۱۰۱	
روغن کنجد	۱/۱۰			۰		۶/۱۰	
نمک سانبھر	/۱۳			۱۱/۱۰		/۱۳	
نمک لاہوری	/۱۲			۰		۸/۱۰	
قند سیاہ	/۱۰۴			۳/۱۰		/۱۰۳	
باجرہ	نرخ بازار			۰		/۱۰	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۳۱ اگست لغایت ۶ ستمبر ۱۹۲۸ء دربار رامپور

تاریخ دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۳۱ اگست ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۱/۲ ۰	۲۴۷	۶	۳۲۷	۲۱	۲۲۹	۱۲	۱۲۳	۶	۲۱۹	۱۳	۲۲۵
یکم ستمبر ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۸	۲۵۵	۵	۳۳۲	۸	۲۳۷	۰	۱۲۳	۱۲	۲۳۱	۳	۲۲۸
۲ ″ ″ ″ یکشنبہ	۰	۲۵۵	۱	۳۳۳	۰	۲۳۷	۷	۱۳۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۳ ″ ″ ″ دوشنبہ	۰	۲۵۵	۰	۳۳۳	۰	۲۳۷	۰	۱۳۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۴ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۲۵۵	۰	۳۳۳	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۳۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۵ ″ ″ ″ چہار شنبہ	۰	۲۵۵	۰	۳۳۳	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۶ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۰	۲۵۵	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	″	۰	″	۲۳۱	۰	۲۲۸